احمدیہ گزٹ کینیڈا

جماعت احمدیہ کینیڈا کا تعلیمی، تربیتی اور دینی ماہنامہ مجلّہ

جنوری 2011ء جلد نمبر 40 شمارہ 1

☆ مکرم الحاج مسعود احمد صاحب خورشید سنوری

23 ستمبر 2010ء کو مکرم الحاج مسعود احمد صاحب خورشید سنوری امریکہ میں 87 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم، حضرت مولوی قدرت اللہ سنوری ؓ کے بیٹے اور مکرم منیر احمد خورشید صاحب بریمپٹن کے والد محترم، مکرم رشید فاروقی صاحب، مکرم رفیع فاروقی صاحب کے ماموں اور مکرم شجر فاروقی صاحب یوکے کے خسر تھے۔

آپ نیک، صالح، تہجد گزار اور دعا گو بزرگ تھے۔ خلافت اور احمدیت کے سچے فدائی تھے اور جماعت احمدیہ کراچی کے مختلف مرکزی عہدوں پر لمبے عرصہ تک خدمت سرانجام دیتے رہے۔ میامی، فلوریڈا، اٹلانٹا میں بھی سیکرٹری مال اور انصار اللہ کے مختلف عہدوں پر کام کرنے کی توفیق ملی۔

مورخہ 25 ستمبر 2010ء کو بعد نماز ظہر محترم مولانا نسیم مہدی صاحب، نائب امیر و مشنری انچارج امریکہ نے مسجد بیت الرحمٰن، میری لینڈ میں آپ کی نماز جنازہ حاضر پڑھائی۔ جس میں کثیر تعداد میں افراد جماعت، عزیز و اقارب اور دوستوں نے شرکت کی نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد جنازہ احمدیہ قبرستان Skyesville میری لینڈ لے جایا گیا۔ اور احمدیہ قبرستان کے قطعہ موصیاں میں تدفین ہوئی۔ قبر کی تیاری کے بعد محترم مولانا نسیم مہدی صاحب نے دعا کرائی۔ مرحوم اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ مرحوم نے پسماندگان میں چار بیٹے مکرم حمید انور صاحب لندن، مکرم منیر احمد خورشید صاحب برامپٹن، مکرم کریم احمد صاحب پورٹ لینڈ، مکرم مجید احمد سنوری صاحب ورجینیا امریکہ اور چار بیٹیاں مکرمہ صادقہ کرامت صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری حمید کرامت صاحب لندن، مکرمہ مبارکہ وسیم صاحبہ اہلیہ محمد وسیم صاحب اٹلانٹا امریکہ، مکرمہ حامدہ فاروقی صاحبہ اہلیہ مکرم شجر احمد فاروقی صاحب لندن، مکرمہ نصیرہ قمر صاحبہ اہلیہ قمر احمد صاحب کراچی یادگار چھوڑے ہیں۔

ادارہ مکرم الحاج شیخ خورشید احمد صاحب کی وفات کے موقع پر ان کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

مکرم پروفیسر ہادی علی چوہدری صاحب، وائس پرنسپل جامعہ احمدیہ نارتھ امریکہ نے 22 اکتوبر 2010ء کو مسجد بیت الاسلام ٹورانٹو میں نماز جمعہ کے بعد درج ذیل مرحومین کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔